QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 129

کوئٹہ 25 نومبر 2025ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبہ کے اُن تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کیسکو نیٹ ورک سے منقطع کر دیئے ہیں جنہیں حکومت کی جانب سے شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے میں شامل کئے گئے تھے۔سولرائزیشن منصوبے کی مد میں حکومت کی جانب سے زرعی صارفین کو رقوم کی فراہمی کے بعد کیسکو ٹیموں نے اُنکے برقی کنکشنز نیٹ ورک سے منقطع کر دیئے اور اب تک مجموعی طور پر صوبہ کے مختلف علاقوں میں 25 ہزار 678 زرعی کنکشنز منقطع جبکہ 13 ہزار 933 ٹرانسفارمرز اُتارنے کے ساتھ ساتھ 5189 کھمبے اور دیگر برقی آلات بھی ہٹا دیئے گئے ہیں تا کہ یہ زرعی کنکشنز دوبارہ کیسکو نیٹ ورک سے منسلک نہ کئے جاسکیں۔سولرائزیشن منصوبہ کے پانچویں مرحلے (فیز فائیو) میں شامل صوبہ کے 1759 زرعی کنکشنز بھی جلد از جلد منقطع کر دیئے جائیں گے جس کے بعد سولرائزیشن کا منصوبہ مکمل ہوگا۔واضح رہے کہ سولرائزیشن منصوبہ کے تحت حکومت کی جانب سے زمینداروں کو 20 لاکھ روپے (فی کس) ادائیگی کے بعد تمام زرعی صارفین اپنے ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں۔جسکے لئے صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 بھی منظوری بھی عمل میں لائی گئی ہے اور مذکورہ قانون کے تحت ٹرانسفارمرز، کھمبے اور برقی آلات واپس نہ کرنے کی صورت میں اُن زمینداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس دوران صوبہ کے بعض علاقوں میں کچھ زرعی صارفین نے عدم تعاون کرتے ہوئے زرعی ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور اُن سے منسلک دیگر برقی آلات تا حال کیسکو ٹیموں کو واپس نہیں کئے ہیں۔لہٰذا کیسکو نے شمسی توانائی پر منتقل ہونے والے اُن زرعی صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اس منصوبہ کی تکمیل کیلئے اپنے زرعی کنکشنز سے منسلک برقی آلات، ٹرانسفارمرز اور کھمبوں کی واپسی میں کیسکو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ ###

نمبر: کیسکو پی آر 130

مسلم باغ سے بجلی کی چوری شدہ کنڈکٹرز تاریں برآمد

کوئٹہ: 25 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں ایس ڈی او کیسکو مسلم باغ نے 11kv کشمیر فیڈر سے منسلک کھمبوں سے بجلی کی تاریں (کنڈکٹرز) چوری کرنے کی اطلاع مسلم باغ پولیس تھانہ کو دی۔جس پر مسلم باغ پولیس تھانہ کے عملہ نے فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 11kv کشمیر فیڈر کے 10 کھمبوں سے تقریباً 3600 میٹرز بجلی کی چوری شدہ تاریں اور کنڈکٹرز (71 بنڈل) برآمد کر لئے۔اس دوران رات کی تاریکی کے باعث بجلی لائنوں سے کنڈکٹرز چوری میں ملوث افراد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

نمبر: کیسکو پی آر 131

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 25 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق 220kv کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن پر 26 نومبر کو صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس دوران 220kv سبی۔کوئٹہ سرکٹ سے بجلی فراہمی معطل ہونے کے باعث تقریباً 110 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے متبادل زرائع سے لوڈ مینجمنٹ کے تحت پورا کیا جائے گا۔اسکے علاوہ کوئٹہ پروجیکٹ منصوبہ کے تحت ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 26 نومبر کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر، عالم خان، جناح ٹاون فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیر پورٹ، ادیان، داری، باچا آغا فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 27 نومبر کو شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائرپورٹ روڈ، دوستین، چشمہ، واسا، عمر، تکا تو فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے سورج گنج بازار، جی او آر کالونی، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر، پی اے ایف سٹی، عالم خان، نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک نیز اُسی روز سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔علاوہ ازیں 27 نومبر سے 31 دسمبر تک 66Kv ٹرانسمیشن لائن